Department of Education
Chancellor David C. Banks

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
## گریڈ 8-3 کے نیو یارک ریاستی امتحانات میں طلبا کی شرکت
## رہنما کتابچہ برائے خاندان
## 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

گریڈز 8-3 کے تمام طلبا کے لیے سالانہ نیویارک ریاست انگریزی فنون زبان (ELA) اور ریاضی کے امتحانات کا انتظام اس بہار میں کیا جائے گا۔ Covid-19 کی عالمی وبا کی وجہ سے، یہ امتحانات بہار 2020 میں منسوخ کر دیے گئے تھے اور 2021 میں محدود بنیاد پر پیش کیے گئے تھے۔ یہ امتحانات وفاق کے، ہر طالب علم کامیاب ہو سکتا ہے ایکٹ (ESSA ) کے لیے مطلوب ہے اور اسے اس طرح تشکیل دیا گیا ہے کہ ایسی اہم معلومات فراہم کرے کہ آیا طلبا تنقیدی سوچ، مسائل سلجھانے، اور مطلوبہ صلاحیتوں کے ساتھ اسکول میں پیشرفت کرنے اور سندیافتگی کے لیے تیار ہیں جنکی انہیں طویل مدت تک اسکول، کالج، طرز معاش، اور زندگی میں کامیاب ہونے کے لیے ضرورت ہے۔
یہ امتحانات ان متعدد اقدامات میں سے صرف ایک ہے جو ہمارے اسکول طالب علم کی پیش رفت کی تشخیص کے لیے استعمال کرتے ہیں: گریڈز، رپورٹ کارڈز، تحریری نمونے، پروجیکٹس، تفویضات، اور دیگر کارکردگی پر مبنی طالب علم کا کام بھی یکساں طور پر اہمیت کے حامل ہیں۔

اگر آپ کے مزید سوالات ہوں تو برائے مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

### گریڈ 8-3 کے ریاستی امتحان کب ہوں گے؟
اس سال ELA اور ریاضی کے امتحانات کا انتظام دو سیشنز میں دو مسلسل دنوں میں کیا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| **ELA** : 30-29 مارچ | **ریاضی:** 27-26 اپریل |
| ELA تلافی امتحانات: 31 مارچ تا 8 اپریل | ریاضی تلافی امتحان: 28 اپریل تا 9 مئی |

### ریاستی امتحانات میرے بچے کو کس طرح فائدہ پہنچاتے ہیں؟
آپ اور آپ کا بچہ ریاستی امتحانات سے مستفید ہوتے ہیں کیونکہ وہ:
- اس بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتا ہے کہ آیا آپ کا بچہ وہ سیکھ رہا ہے جو انکے گریڈ سطوح سے متوقع ہے۔
- اسکولوں کو یہ متعین کرنے میں مدد دیتا ہے کہ طلبا کی اپنے ہمسروں کے بہ نسبت پیشرفت اور کارکردگی کیسے جا رہی ہے، اور کونسے طلبا یا اساتذہ کو مزید معاونت کی ضرورت ہے۔
- آپ کو یہ جاننے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ آپ کے بچے کا اسکول دیگر اسکولوں کے مقابلے میں کیسا کام کر رہا ہے۔

### ان امتحانات سے کیا نتائج اخذ ہوتے ہیں؟ میرے بچے کے پاس ایک ریاستی امتحان مکمل کرنے کے لیے کتنا وقت ہے؟
ہر امتحان دو بغیر وقت کی پابندی کے سیشنز پر مشتمل ہوتے ہیں اور انکا انتظام دو دنوں میں کیا جاتا ہے (ایک دن میں ایک سیشن)۔ دونوں امتحانات کے سیشن 1 میں صرف کثیر انتخابی جوابات۔ ELA کے لیے سیشن 2 میں تشکیل کردہ جوابات شامل ہیں۔ ریاضی کے لیے سیشن 2 میں کثیر انتخابی جوابات اور تشکیل کردہ جوابات شامل ہیں۔ امتحان کے لیے وقت کی حد نہیں۔ وہ طلبا جنہیں مزید وقت کی ضرورت ہے وہ اپنی رفتار سے کام کرنے کے قابل ہونگے تاکہ جو وہ جانتے ہیں اور کر سکتے ہیں، اسکا بہتر طور پر مظاہرہ کرسکیں۔

### ان اسکور کے نتائج کا اساتذہ پر کیا اثر مرتب ہوتا ہے؟
کوئی مطلوبات نہیں ہیں، گوکہ ہر اسکول کے طالب علم کی آموزش کے پیمانوں کو منتخب کرنے کا معیار کے مطابق، ریاستی امتحان کے نتائج استاد کی تشخیص پر اثر انداز ہو سکتے ہیں یا نہیں بھی ہو سکتے ہیں۔

### یہ امتحانات مڈل یا ہائی اسکول داخلوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟
چند مڈل اور ہائی اسکولوں کے پاس تعلیمی چھان بین کے پروگرام ہوتے تھے جو ریاستی امتحان کے اسکورز کو داخلوں کے کئی معیار میں سے ایک کے طور پر استعمال کرتے ہیں، لیکن وہ کبھی بھی انہیں ترق دینے یا داخلوں کے فیصلوں میں صرف ایک بنیادی پیمانہ کے طور پر استعمال نہیں کر سکتے۔ آپ چھان بین کے پروگراموں کے بارے یہاں مزید جان سکتے ہیں:schools.nyc.gov/Middle اور schools.nyc.gov/High۔ COVID-19 کے اثرات کو دیکھتے ہوئے، ان اسکولوں نے جس انداز سے بہتر سجھا تھا ریاستی امتحان اسکورز میں خزاں 2021 داخلوں کے لیے ترمیم کی تھی، اور ریاستی امتحانی اسکورز کوخزاں 2022 کے داخلوں میں استعمال نہیں کیا جائیگا۔

Department of Education
Chancellor David C. Banks

# اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQ)
گریڈ 3-8 کے نیو یارک ریاستی امتحانات میں طلبا کی شرکت
رہنما کتابچہ برائے خاندان
2022

**کیا خاندان اپنے بچوں کو ریاستی امتحانات میں شرکت نہ کرنے کا انتخاب کرنے یا ایک متبادل تشخیص کی درخواست کر سکتے ہیں؟**

- ہم انتہائی پُرزور طور پر حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ تمام طلبا یہ امتحانات دیں کیونکہ امتحان کے نتائج کے ذریعے ہماری حاصل کردہ معلومات سے آپ اور آپ کے بچے کو فائدہ ہوگا۔ ریاستی امتحانات اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں کہ آپ کا بچہ کیا تعلیم حاصل کر رہا ہے اور اساتذہ اور اسکولوں کو جہاں ضرورت ہو معاونت میں ترمیم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔
- اگر آپ اپنے بچے کو ریاستی امتحانات سے خارج کروانے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ کو اپنے بچے کے پرنسپل سے مشورہ کرنا چاہیئے۔ اگر، پرنسپل سے مشورے کے بعد بھی کوئی والدین اپنے بچے کو امتحان دینے سے نکالنا چاہتے ہیں تو پرنسپل والدین کے فیصلے کا احترام کریں گے۔ والدین اور پرنسپل کو اس گفتگو کا تحریری ریکارڈ محفوظ رکھنا چاہیئے۔

**امتحان کی تیاری کے لیے میرے بچے کو کیا کرنا چاہیئے؟**

- امتحان سے پہلے کی رات میں اپنے بچے کی رات کو اچھی نیند لینے میں مدد کریں اور صبح کو اچھا ناشتہ کروائیں۔
- اپنے بچے کو بتائیں کہ آپ کو اس کی قابلیت پر اعتماد ہے!

**مجھے کب پتہ چلے گا کہ میرے بچے نے امتحانات میں کیسی کارکردگی دکھائی ہے؟**

- نیویارک ریاست عموماً امتحان کے اسکورز گرمیوں کے دوران جاری کرتا ہے اور یہ اسکورز آپ کے بچے کے NYC اسکولز اکاونٹ کے ذریعے دستیاب ہونگے.
- ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ریاستی امتحان کے اسکور اور مجموعی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔

**جب ریاستی امتحان کا انتظام کیا جا رہا ہو، اگر میرا بچہ اسکول میں نہیں ہوا تو کیا ہوگا؟**

آپ کے بچے کے لیے امتحان لینا اہم ہے۔ براہ کرم اپنے بچے کی مدد کرنے کی پوری کوشش کریں اور یہ یقینی بنائیں کہ امتحان کے دنوں میں وہ اسکول میں موجود ہوں۔ وہ طلبا جو غیرحاضر ہونگے ان کے پاس تلافی کے وقت کے دوران امتحان دینے کا دوسرا موقع ہوگا۔ اگر آپ کا بچہ تلافی امتحان کے دوران بھی غیرحاضر ہوا تو امتحان دینے کے اضافی مواقع نہیں ہوں گے۔ طلبا کو محض ریاستی امتحان نہ لینے کی وجہ سے نقصان نہیں ہوگا یا ان کو اسی گریڈ میں روکا نہیں جائے گا۔

**کیا ریاستی امتحانات اختیاری ہیں، جیسے کہ یہ پچھلے سال تھے؟**

جی نہیں۔ پچھلے سال، پرنسپل صاحبان نے خاندانوں کو ریاستی امتحانات میں آپٹ اِن کرنے کے لیے خطوط ارسال کیے تھے کیونکہ کئی طلبا نے مخلوط یا مکمل ریموٹ تدریس میں حصہ لیا تھا۔ اس سال، اب جبکہ کُل وقتی ذاتی موجودگی میں اسکول دوبارہ کھل گئے ہیں، تمام طلبا سے ریاستی امتحانات میں حصہ لینے کی توقع کی جاتی ہیں۔

کیا میرے بچے کے لیے ریاستی امتحان لینا لازمی ہے اگر یہ ریجنٹس امتحان بھی لے رہے ہیں؟

کچھ طلبا مڈل اسکول میں ہائی اسکول سطح کے ریجنٹس امتحانات لیتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ گریڈ 8 میں ہے اور اس تعلیمی سال میں ریجنٹس امتحان لے گا تو آپ کا اسکول ان کو گریڈ 8 ریاستی ریاضی امتحان نہیں دے گا۔ ان کی پیشرفت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے آپ اپنے بچے کو گریڈ 8 ریاضی کا امتحان دلوانے کا انتخاب کر سکتے ہیں، حالانکہ یہ مطلوب نہیں ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا طالبِ علم ریجنٹس امتحان کے علاوہ گریڈ 8 ریاضی کا امتحان بھی لے تو اپنے اسکول سے رابطہ کریں۔